## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی الطاف حسین سے ٹیلیفون پرتعزیت

## جس نے بھی یہ قتل کیا ہے اس نے بہت بڑا ظلم کیا ہے، آپ اور آپ کی پارٹی کیلئے بہت بڑا المیہ ہے۔وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت نہ صرف میرے اور ایم کیوایم کیلئے بہت بڑا نقصان ہے بلکہ یہ ملک کیلئے بھی بہت بڑا نقصان ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18 ستمبر 2010ء

وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے ہفتہ کی شب ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پر ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرتعزیت کی۔ جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جس نے بھی یہ قتل کیا ہے اس نے بہت بڑا ظلم کیا ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ یہ آپ اور آپ کی پارٹی کیلئے بہت بڑا المیہ ہے اوراس پرتمام پاکستانیوں کو بہت افسوس ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت نہ صرف میرے اور ایم کیوایم کیلئے بہت بڑا نقصان ہے بلکہ یہ ملک کیلئے بھی بہت بڑا نقصان ہے۔

## برطانوی پولیس اورتحقیقاتی ادارے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے بہیمانہ قتل کی تحقیقات کررہے ہیں،

## انشاءاللہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے قاتل ضرور بےنقاب ہوں گےاور قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔الطاف حسین

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت یقیناً تحریک کیلئے ایک عظیم سانحہ اور بہت بڑا نقصان ہے

## کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو

لندن۔۔۔18 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت یقیناً ہماری تحریک کیلئے ایک عظیم سانحہ اور بہت بڑا نقصان ہے جس کا دکھ زندگی بھررہے گا لیکن جولوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس طرح ہمارے حوصلوں کو توڑا جاسکتا ہے انہیں مایوسی ہوگی۔انہوں نے یہ بات آج کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگوکرتے ہوئے کہی۔اس موقع پراراکین رابطہ کمیٹی نے جناب الطاف حسین سے رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے عظیم سانحہ پرتعزیت کی۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پردلی صدمہ اور گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا ڈاکٹرعمران فاروق سے 32 سال کا ساتھ رہا اور وہ انتہائی نظریاتی اورتحریک کے مزاج کو سمجھنے والے ساتھی تھے،ان سے میرا قلبی تعلق تھا اوران کی شہادت کا دکھ الفاظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے توسط سے تمام کارکنوں سے کہا کہ وہ باہمت رہیں، برطانوی پولیس اورتحقیقاتی ادارے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے بہیمانہ قتل کی تحقیقات کررہے ہیں، انشاءاللہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے قاتل ضرور بےنقاب ہوں گے اور قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس عظیم سانحہ کے باوجود ہمارے عزم وحوصلے ٹوٹے نہیں بلکہ اس میں اورزیادہ اضافہ ہوا، ہم اپنے مشن ومقصد کی جدوجہد کو منزل کے حصول تک جاری رکھیں گے اوراس راہِ حق میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹرعمران فاروق کو شہادت کا درجہ عطا فرمائے اورانہوں نے جس مشن ومقصد کیلئے اپنی پوری زندگی وقف کردی، اللہ تعالیٰ اس مشن کو ان کے لہو کے صدقے کامیابی سے ہمکنار فرمائے اور ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے اہل خانہ اور ہم سب کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرملک کی متعدد سیاسی اورسماجی شخصیات کا اظہارتعزیت

## مختلف وفود نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کرتعزیت اورفاتحہ خوانی کی

لندن۔۔۔18،ستمبر 2010ء

ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرملک کی سیاسی اورسماجی شخصیات نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔تعزیت کرنے والوں میں وفاقی وزیر داخلہ داخلہ رحمان ملک، سندھ اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر جام مدد علی، وزیراعلیٰ سندھ کی مشیر شرمیلہ فاروقی، علامہ تنویرالحق تھانوی، معین اختر اور کراچی یونین آف

جرنلسٹ کے عہدیداران اور مختلف ٹی وی چینلز، اخبارات وجرائد کے مدیر، سینئر صحافی وتجزیہ نگار اور مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد شامل ہیں۔اس کے علاوہ آل پاکستان مسلم لیگ ،رورلڈ لیبر آرگنائزیشن کے وفود اور بیرسٹر صبغت اللہ قادری نے بھی ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی۔

## ایم کیوایم کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر سیاسی، مذہبی، سماجی، ادبی، صحافی شخصیات سمیت شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے تعزیت

کراچی۔۔۔18 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ المعروف نائن زیرو پر ہفتے کے روز بھی تعزیت کیلئے آنے والے سیاسی، مذہبی، ادبی، صحافتی اور سماجی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا تانتا بندھا رہا جبکہ ایم کیوایم کے تحت شہید ڈاکٹر عمران فاروق کی رہائشگاہ واقع شریف آباد میں ایم کیوایم کے تحت قرآن خوانی جاری رہی جہاں تعزیت اور افسوس کیلئے آنے والوں نے شہید کی روح ایصال ثواب کیلئے منعقدہ قرآن خوانی کی۔ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، علمائے کرام، دانشوروں، پروفیسرز، اساتذ، وشعراء، ڈاکٹرز، انجینئرز، سماجی، ادبی وصحافتی تنظیموں کے ارکان، فنکاروں اور ایم کیوایم کے کارکنان سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے نہ صرف قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے بلکہ برطانوی حکومت سے مطالبہ بھی کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) کے رہنماء امام الدین شوقین، مسلم لیگ (ن) کے اظہر زیدی، نیشنل پیپلز پارٹی کے رہنماء میر عابد حسین خان جتوئی، رکن سندھ اسمبلی مسرور خان جتوئی، جعفر الائنس کے رہنما عباس کمیلی، ہزارہ قومی جرگہ کے سید وقار حسین شاہ، محمد اقبال، ممتاز عالم دین مولانا تنویر الحق تھانوی، اسد یوبندی، مفتی حسام اللہ شریفی، مفتی عزیز الرحمٰن، علامہ سید اظہر حسین نقوی، مولانا سید اکرام حسین ترمذی، مولانا اسد حماد اللہ شاہ، محمد سلم غوری، مفتی عبدالحق عثمانی، مولانا رفیق، مولانا ساجد اللہ، سعید میمن، مولانا قاضی اطہر جمیل صدیقی، سینئر صحافی ودانشور اجمل دہلوی، فوٹوگرافر ایسوسی ایشن، اخبارات کے مدیران اور صحافتی تنظیموں سمیت انجمن تاجران کمیٹی طارق روڈ دیگر نے اپنے وفود کے ہمراہ ہفتے کے روز ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی، ڈاکٹر صغیر احمد، توصیف خانزادہ، شاکر علی، گلفراز خان خٹک، اور دیگر سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی افسوس وتعزیت کا اظہار کیا۔وفود کے ارکان نے ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کا قاتل بڑا سانحہ ہے جس پر کراچی و پاکستان سمیت دنیا بھر میں جہاں جہاں انسان دوست اور ایم کیوایم کے چاہنے والے موجود ہیں سوگ کا عالم ہے۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کی فوری گرفتاری کیلئے برطانوی حکومت سے مطالبہ بھی کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے دکھ اور افسوس کی گھڑی میں تعزیت اور افسوس کیلئے آنے والے تمام افراد تشریف آوری پر ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت اور انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، شہید کے سوگوار والدین اور دیگر اہلخانہ سمیت قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی صحت وتندرستی، درازی عمر اور صبر جمیل کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔دریں اثناء مسلم لیگ (ق) کی خاتون رہنماء محترمہ رائلہ ٹوانہ، عوامی مسلم لیگ کے سیکریٹری جنرل انور ایوان، سرائیکی قومی محاذ کے رہنماء عبدالجبار عباسی، نیشنل پیپلز پارٹی کوئٹہ کے رہنماء نور الحق، آل پاکستان شیعہ ایکشن کمیٹی کے رہنماء مرزا یوسف حسین، سابق رکن قومی اسمبلی ذاکریا کاظمی سمیت دیگر سیاسی، مذہبی، سماجی، ادبی شخصیات نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو ٹیلی فون کر کے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔

## ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت جمہوری قوتوں کی موت ہے، فوزیہ وہاب، نائن زیرو پر تعزیتی دورہ

کراچی۔۔۔18 ستمبر 2010ء

پاکستان پیپلز پارٹی کی سیکریٹری اطلاعات محترمہ فوزیہ وہاب نے ہفتے کو متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا تعزیت دورہ کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے ایم کیوایم کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور بہیمانہ قتل کو جمہوری قوتوں کی موت قرار دیا ہے۔پاکستان پیپلز پارٹی

کے رہنما سعید غنی، وقار مہدی اورصوبائی وزیر رفیق انجینئر کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، توصیف خانزدہ، قومی وصوبائی اسمبلی میں ایم کیوایم پارلیمانی وڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی، سید سردار احمد اور فیصل سبزواری سے ہونیوالی ملاقات میں محترمہ فوزیہ وہاب نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق نفس اور سادہ لوانسان تھے جن کی شہادت نہ صرف ایم کیوایم کیلئے ناقابل تلافی ہے بلکہ ان کی شہادت پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں اور جمہوری قوتوں کی موت ہے۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی رنج وغم اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق سندھ دھرتی خصوصاً کراچی کے سپوت تھے جن کی قربانیوں کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا وہ ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے کو چیئرمین آصف علی زرداری سمیت پیپلز پارٹی کی پوری قیادت ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ایم کیوایم کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے محترمہ فوزیہ وہاب اور رفیق انجینئر کی آمد اور تعزیت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ملک بھر میں قرآن خوانی کے اجتماعات

کراچی۔۔۔18 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام شہید انقلاب ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کے لئے کراچی سمیت ملک بھر میں قرآن وفاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی رہائشگاہ، کراچی کے مختلف سیکٹرز ویونٹوں سمیت ایم کیوایم لاہور، ملتان، راولپنڈی، جہلم زونز، اسلام آباد، منڈی بہاؤالدین، خوشاب، میانوالی، بھکر، چکوال، اٹک، گوجرانوالہ، فیصل آباد زون، کشمیر کے راولاکوٹ زون، میر پورخاص، مظفرآباد زون، بلوچستان زون، کوئٹہ سٹی، گلگت زون اور، بلتستان زون ضلعی وتحصیل آفس جبکہ اندرون سندھ ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر میں قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے ہیں جس میں ہزاروں قرآن پاک ختم کیے گئے اور لاکھوں مرتبہ سورہ یٰسین، سورہ مزمل، سورہ ملک سورہ اخلاص اوردرد شریف پڑھا گیا۔اجتماعات میں حق پرست منتخب عوامی نمائندے، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردعوام خصوصاً بزرگ، نواجوانوں اور خواتین نے بڑی تعداد نے شرکت کی اور ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کی اور شہید رہنماء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت اور قائد تحریک جناب الطاف حسین، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان سمیت شہید کے سوگوار والدین اور عزیز اقارب کے لئے صبر جمیل کی دعائیں کی گئی۔

## ڈاکٹر عمران فاروق کا قتل ٹارگٹ کلنگ ہے، نبیل گبول

کراچی۔۔۔18 ستمبر 2010ء

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء اور وزیر مملکت برائے پورٹ اینڈ شپنگ وسابق اسپیکر سندھ اسمبلی نبیل گبول نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات کر کے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔نائن زیرو پر ہونے والی ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار کے علاوہ وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابر خان غوری، حیدرعباس رضوی، فوزیہ اعجاز، فیصل سبزواری اور مزمل قریشی شامل تھے۔نبیل گبول نے کہا کہ میں پیپلز پارٹی کی طرف سے نہیں بلکہ ایک بھائی اور دوست کی حیثیت سے آیا ہوں، ڈاکٹر عمران فاروق ہمارے بڑے بھائیوں کی طرح تھے ان کی شہادت کی خبر سن کر ایسا محسوس ہوا جیسے ہم سے ہمارا بڑا بھائی جدا ہو گیا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت سے نہ صرف ایم کیوایم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے بلکہ ان کی شہادت پورے پاکستان کا نقصان ہے جسے کبھی پورا نہیں کیا جاسکتا۔ڈاکٹر عمران فاروق نے اپنے سیاسی زندگی کا آغاز کراچی سے کیا، ہمارا ان سے انتہائی قربت کا رشتہ تھا وہ سیاست میں مشعل راہ تھے۔انہوں نے کہا کہ یہ کوئی عام قتل نہیں بلکہ ٹارگٹ کلنگ ہے، کراچی کی ٹارگٹ کلنگ لندن پہنچ گئی ہے لندن جیسے شہر میں ایک اہم رہنما کا اس طرح سرعام بہیمانہ انداز میں قتل کیا جانا انتہائی افسوس ناک ہے، اسکاٹ لینڈ کی تحقیقات اپنی جگہ تاہم اس سلسلے میں قومی وصوبائی اسمبلیوں میں ایک قرارداد پیش کی جائیگی۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق بھائی ہمارے بڑے بھائیوں کی طرح تھے اور آج مجھے ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ میرا بڑا بھائی مجھ سے جدا ہو گا۔انہوں نے برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں کو گرفتار کر کے منظرعام پر لیا جائے اور انہیں کڑی سے کڑی سزادی جائے۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل سمیت قائد تحریک الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور ہمت وحوصلے کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆